**Hamid/ Inam**

**20-04-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 62 اعشاریہ تین سات فیصد سے بھی زیادہ لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا ۔

2 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔

3 امریکہ نے چین اور بیلاروس کی کمپنیوں پر ، پاکستان کو بیلسٹک میزائل کُل پُرزے فراہم کرنے کی وجہ سے بندشیں عائد کردی ہیں۔

4 بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اڈیشہ اور گنگائی مغربی بنگال میں پیر تک کیلئے شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔

5 اور IPL کرکٹ میں ،لکھنؤ میں ،لکھنؤ سُپر جائنٹس نے چنئی سُپر کنگس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**EC Overall First Phase**

لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے تحت کُل 102 سیٹوں کیلئے ڈالے گئے ووٹوں کا فیصد کافی زیادہ یعنی 62 اعشاریہ تین سات رہا ۔ پولنگ عام طور پر پُر امن رہی اور زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے سخت گرمی کے باوجود اپنے اِس سماجی فرض کی ادائیگی کی ۔

102 پارلیمانی حلقوں میں سے لوک سبھا کی 11 سیٹیں درج فہرست قبیلوں اور 18 سیٹیں درج فہرست ذاتوں کیلئے ریزرو ہیں ۔ یہ حلقے 17 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام چار علاقوں میں ہیں ۔ یہ ریاستیں ہیں : اترپردیش ، مغربی بنگال، بہار ، آسام ، مدھیہ پردیش ، مہاراشٹر ، راجستھان ،تمل ناڈو ، اترا کھنڈ ، اروناچل پردیش ،منی پور اور میگھالیہ ۔

لکشدیپ کی ایک لوک سبھا سیٹ پر سب سے زیادہ 83 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

تری پورہ کی ایک لوک سبھا سیٹ پر 81 اعشاریہ چھ دو فیصد ووٹ ڈالے گئے ۔ مغربی بنگال کی تین لوک سبھا سیٹوں پر 80 اعشاریہ پانچ پانچ فیصد ، جبکہ سکم کی ایک لوک سبھا سیٹ پر 80 اعشاریہ صفر تین فیصد ووٹ ڈالے گئے۔ اترپردیش کی 8 سیٹوں پر 60 اعشاریہ دو پانچ فیصد ، بہار کی چار سیٹوں پر 48 اعشاریہ آٹھ آٹھ فیصد ، راجستھان میں آٹھ پارلیمانی حلقوں میں 57 اعشاریہ دو چھ فیصد مہاراشٹر کی پانچ سیٹوں پر 61 اعشاریہ آٹھ سات فیصد ، آسام کی پانچ سیٹوں پر 75 اعشاریہ نو پانچ فیصد اورتمل ناڈو کی سبھی 39 سیٹوں پر 69 اعشاریہ چار چھ فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔ ان سبھی جگہوں پر پولنگ پہلے مرحلے کے تحت کرائی گئی ۔

اتراکھنڈ کی سبھی پانچ سیٹوں پر 55 اعشاریہ آٹھ نو فیصد اورچھتیس گڑھ میں ایک سیٹ پر ڈالے گئے ووٹوں کا فیصد 67 اعشاریہ پانچ چھ رہا ۔

اسی دوران میگھالیہ کی دوسیٹوں پر 74 اعشاریہ پانچ صفر اور جموں و کشمیر کی ایک سیٹ پر 68 اعشاریہ دو سات فیصد ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

پہلے مرحلے میں ایک ہزار 625 امیدوار میدان میں ہیں۔سینئر BJP رہنما اور مرکزی وزراء نتن گڈکری ، سربانند سونووال ، کرن ریجیجو ، ڈاکٹر جتیندر سنگھ ، سنجیو بلیان اور BJP رہنما تملیسائی سندراجن اور جتن پرساد نیز کانگریس رہنما گورو گوگوئی ، کارتی چدمبرم اور نکل ناتھ اور DMK کے دیاندھی مارن ، اس مرحلے کے خاص امیدواروں میں شامل ہیں۔

انتخابی کمیشن نے سبھی ووٹروں اور انتخابی عملے کا شکریہ ادا کیا ہے ۔ چھتیس گڑھ کے بستر علاقے کے 56 گاؤوں اور گریٹ نکوبار کے Shompen قبیلے نے پہلی بار ووٹنگ میں حصہ لیا۔ یہ قبیلہ گریٹ نکوبار جزیرے کے اندرونی علاقے میں رہتا ہے اور اسے خاص طور پر حساس قبائلی گروپ کا درجہ حاصل ہے۔ پولنگ میں ایسے لوگوں کی تعداد بھی کافی زیادہ رہی ، جنھوں نے پہلی بار ووٹ ڈالا ہے ۔

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ عام طور پر پُرامن اور سازگار ماحول میں ملک کی متنوع آبادی نے ووٹنگ میں بڑھ چڑھ کا حصہ لیا۔ بھیڑ بھاڑ والے مرکزی شہروں سے لے کر دور دراز کے گاؤوں تک پولنگ اسٹیشنوں پر لوگوں کی لمبی قطاریں دیکھی گئیں، جن میں مختلف عمر اور پس منظر کے لوگ شامل تھے۔ x

**MP Polling**

مدھیہ پردیش میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں کُل چھ پارلیمانی حلقوں میں 67 فیصد سے زیادہ ووٹ ڈالے گئے۔ چھند واڑہ میں سب سے زیادہ 79 اعشاریہ ایک آٹھ فیصد ، جبکہ SIDHI میں سب سے کم 55 اعشاریہ ایک نو فیصد پولنگ ہوئی۔ مانڈلا اور بالا گھاٹ میں بھی 70 فیصد سے زیادہ ووٹ پڑے۔نکسلی انتہا پسندی سے متاثرہ کچھ علاقوں میں ووٹروں نے تاریخ رقم کی ہے۔

***VC - Sanjeev Shrma***

*مدھیہ پردیش کے نکسلی انتہا پسندی سے متاثرہ ضلع بالاگھاٹ میں ووٹنگ سکیورٹی وجوہات کی بناء پر دیگر حلقوں کے مقابلے دو گھنٹے پہلے ختم ہوگئی۔ تاہم کچھ ایسے بھی پولنگ اسٹیشن ہیں، جہاں پہلے دو گھنٹے میں 100 فیصد پولنگ ہوئی۔ Baihar اسمبلی کے Duglai اور بالا گھاٹ اسمبلی کے سونوانی میں صبح 9 بجے تک 100 فیصد ووٹنگ ہوئی۔ مدھیہ پردیش میں تیسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن تھا۔ 8 لوک سبھا سیٹوں کیلئے 144 امیدواروں نے 223 کاغذات نامزدگی داخل کئے، جبکہ ریاست میں چوتھے اور آخری مرحلے کیلئے ابھی تک 16 کاغذات نامزدگی داخل کئے گئے ہیں۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے....*

**Manipur Voting**

منی پور میں لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں تشدد کے کسی بڑے واقعے کے بغیر ووٹنگ کا عمل مکمل ہوا اور بڑی تعداد میں لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔

ECI کی رپورٹ کے مطابق کل شام پانچ بجے تک اندرونی منی پور پارلیمانی حلقے میں 72 اعشاریہ تین دو فیصد جبکہ باہری پارلیمانی حلقے میں 61 اعشاریہ نو آٹھ فیصد لوگوں نے ووٹ ڈالے۔

اندرونی منی پور پارلیمانی حلقہ 32 اسمبلی حلقوں پر مشتمل ہے اور چار اسمبلی حلقوں میں 80 فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

دوسری طرف باہری منی پور پارلیمانی حلقے کے تحت Kangpokpi ضلع تین اسمبلی حلقوں میں سب سے کم ووٹ پڑے۔ کل شام پانچ بجے تک اس ضلع میں تقریباً 30 فیصد لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا۔ x

**J&K Poll**

جموں وکشمیر میں کل پانچ ضلعوں ڈوڈہ، کٹھوعہ، کشتواڑ، رام بن اور اودھم پور پر مشتمل بڑے علاقے میں سخت موسم کے باوجود ووٹنگ کا عمل مکمل ہوا۔ ووٹروں نے جوش و خروش اور پختہ قوت ارادی کے ساتھ اپنی شہری ذمہ داری پوری کی۔ آکاشوانی جموں کے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ اودھم پور، کٹھوعہ پارلیمانی حلقے میں اٹھارہویں لوک سبھا کے پہلے عام انتخابات کیلئے پولنگ پرامن طریقے سے مکمل ہوئی۔ تقریباً 68 اعشاریہ دو سات فیصد ووٹنگ ہوئی۔ کشتواڑ میں 67 اعشاریہ سات پانچ فیصد، ڈوڈہ میں 66 اعشاریہ چار دو فیصد، رام بن میں 62 اعشاریہ چار دو فیصد، اودھم پور میں 70 اعشاریہ سات چھ فیصد اور کٹھوعہ ضلع میں 70 اعشاریہ صفر چھ فیصد ووٹ ڈالے گئے۔

پانچ ضلعوں کے 16 لاکھ 23 ہزار ووٹروں کیلئے دو ہزار 637 پولنگ اسٹیشن قائم کیے گئے تھے۔ 11 ہزار سے زیادہ پولنگ عملے نے پولنگ کی ذمہ داری انجام دی۔x

**PM First Phase**

وزیراعظم نریندر مودی نے کل کہاکہ پہلے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات میں لوگوں نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ ایک شوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے سبھی رائے دھندگان کا شکریہ ادا کیا۔ x

**Kerala Campaign**

کیرالہ میں لوک سبھا انتخابات میں محض کچھ ہی دن باقی رہ گئے ہیں۔ یہاں 26 اپریل کو ووٹنگ ہونی ہے۔ لٰہذا تین بڑی سیاسی پارٹیاں زور شور سے چناؤ مہم انجام دے رہی ہیں۔

آج مرکزی وزیر اور سینئر BJP رہنما نرملا سیتا رمن ، ترو انت پورم میں NDA کیلئے چناؤ مہم میں حصہ لے رہی ہیں۔

کانگریس رہنما پرینکا گاندھی UDF مہم کیلئے Chalakudy ، Pathanamthitta اور ترو انت پورم حلقوں کا دورہ کریں گی۔

اسی دوران CPI کے قومی جنرل سکریٹری ڈی راجا آج وَیانند میں LDF کی مہم میں حصہ لیں گے ۔

وزیر اعلیٰ پنارائی وجین آج Vadakara میں چناؤ مہم میں حصہ لے رہے ہیں۔ x

**Karnataka Nomination**

کرناٹک میں لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کل کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی میعاد ختم ہونے کے بعد 14 سیٹوں پر 337 امیدوار میدان میں ہیں۔ چیف انتخابی افسر کے جاری کردہ اعدادو شمار کے مطابق 309 مرد اور 28 خاتون امیدواروں نے 503 کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔x

**WB CEO - Press Meet**

مغربی بنگال کے اعلیٰ انتخابی افسر نے کل ، لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے کے بعد ایک پریس کانفرنس منعقد کی۔ CEO عارض آفتاب نے کہا کہ راج پور پولیس اسٹیشن کے تحت ایک شخص Luv سرکار اور لال بہادر شاستری اسکول میں ایک اور شخص انت برمن ، کوچ بہار علاقے میں دو الگ الگ واقعات میں زخمی ہوگئے ۔ ان دونوں افراد کا علاج ایک مقامی اسپتال میں کیا جارہا ہے۔

CEO نے یہ بھی بتایا کہ مجموعی طور پر 12 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے ، جن میں سے 10 کو احتیاط کے طور پر اور دو کو مخصوص الزامات کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔

انہوں نے یہ بھی بتایا کہ کمیشن کو کوچ بہار سے 296 شکایات ، علی پور دُوار سے 162 شکایات اور جلپائی گڑی سے 125 شکایات موصول ہوئی تھیں۔ x

**Scrutiny Third Phase**

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج ہوگی۔ اس مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل کل شام ختم ہوگیا۔ 10 ریاستوں اور دو مرکز کے زیرانتظام علاقوں میں 94 پارلیمانی سیٹوں پر اس مرحلے میں 7 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ پیر تک نام واپس لیے جاسکتے ہیں۔

لوک سبھا انتخابات کے چوتھے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل جمعرات کو شروع ہوا۔ اس مرحلے میں 9 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام ایک علاقے کی 96 پارلیمانی سیٹوں پر 13 مئی کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ آندھرا پردیش میں 175 سیٹوں پر ایک مرحلے میں ہونے والے اسمبلی انتخابات اور اڈیشہ میں 28 حلقوں کیلئے پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے ایک ساتھ نوٹیفکیشن جاری کیا گیا تھا۔ x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**US - Pakistan**

امریکہ نے چین میں قائم تین کمپنیوں اور بیلاروس کی ایک کمپنی پر ، پاکستان کو بیلسٹک میزائل کے کل پُرزے فراہم کرنے کی وجہ سے بندشیں عائد کردی ہیں۔

چین کی Xian Longde ٹیکنالوجی ڈیولپمنٹ ، Tianjin Creative Source International Trade اور Granpect کمپنی لمیٹیڈ ، نیز بیلاروس کی Minsk Wheel Tractor Plant کمپنی نے پاکستان کے بیلسٹک میزائل پروگرام کیلئے ایسے کل پُرزے سپلائی کئے تھے، جنہیں میزائل میں استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اِن کل پُرزوں کو پاکستان ، لمبی دوری کے اپنے میزائل پروگرام میں بھی استعمال کرسکتا ہے۔

امریکی محکمۂ خارجہ کے ترجمان Matthew Miller نے کہا کہ یہ کمپنیاں ایسی سرگرمیوں یا لین دین میں ملوث ہیں، جن سے عام تباہی کے ہتھیاروں کے پھیلاؤ یا انہیں سپلائی کرنے کے وسائل میں خاطر خواہ تعاون ملتا ہے یا خاطر خواہ اندیشہ پیدا ہوتا ہے۔ ان وسائل میں پاکستان کی طرف سے اِس طرح کے کل پُرزوں کی تیاری ، حصول ، ذخیرہ کرنا ، ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا یا استعمال کرنا بھی شامل ہے۔

ترجمان نے کہا کہ امریکہ ، ایسی چیزوں کی خریداری کے نیٹ ورکس کو روکنے کی کارروائی کرکے ، ہتھیاروں کی عدم توسیع کے عالمی نظام کو مستحکم بنانے کا پابند ہے ، جن سے کسی طرح کی تشویش لاحق ہوتی ہو۔ x

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے اوڈیشہ کے دور دراز کے علاقے اور مغربی بنگال کے گنگا والے خطے میں پیر تک گرم لہر کی صورت حال برقرار رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔ اس نے کہا ہے کہ اگلے دو سے تین دن تک اڈیشہ اور جھارکھنڈ کے کچھ علاقوں اور مغربی بنگال کے گنگا سے متعلقہ خطوں میں گرمی کی لہر رہنے کا امکان ہے۔

IMD کے مطابق تلنگانہ، ساحلی آندھرا پردیش، Yanam، رائل سیما و تلنگانہ، کیرالہ، Mahe، مغربی بنگال کے ذیلی ہمالیائی علاقے اور سکّم میں منگل کے روز تک گرمی اور نمی کی صورتحال کے چھائے رہنے کا امکان ہے جبکہ اوڈیشہ اور مشرقی اترپردیش میں آج رات گرمی کی صورتحال برقرار رہنے کا امکان ہے۔

IMD نے جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفر آباد اور ہماچل پردیش میں اگلے ہفتے تک آندھی طوفان، گرج چمک اور دھول بھری ہواؤں کے ساتھ ہلکی سے اوسط بارش اور برفباری کی پیش گوئی کی ہے۔ اس نے پیر تک پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ اور راجستھان میں بھی اسی

طرح کی صورتحال کی پیش گوئی کی ہے۔

اس دوران محکمۂ موسمیات نے دلّی میں اگلے چند دنوں تک تیز ہوائیں اور بوندہ باندی کے ساتھ آسمان پر عام طور پر بادل چھائے رہنے کا امکان ظاہر کیا ہے۔ x

**Punjab Weathes**

پنجاب میں کل شام مختلف حصوں میں طوفان، بارش اور ژالہ باری کی وجہ سے فصلوں کو نقصان ہوا ہے۔ تاہم موسمیات کے محکمے نے آج آسمان صاف رہنے کی پیش گوئی کی ہے۔

ایک رپورٹ

***V/C Shishu Sharma Shantal***

*ریاست میں موسم اچانک تبدیل ہونے کے بعد تیز ہوائیں چلنے کی وجہ سے بہت سے مقامات پر درخت اکھڑ گئے اور بجلی کے کھمبے گر گئے۔ تیز ہواؤں کے ساتھ بارش اور ژالہ باری کی وجہ سے فصلوں کو، خاص طور پر گیہوں کی فصل کو نقصان پہنچا ہے۔ ان دنوں ریاست میں گیہوں کی کٹائی کا عمل جاری ہے اور منڈیوں میں پڑی گیہوں کی فصل بھیگ گئی ہے جبکہ کھیتوں میں یہ فصل بکھر گئی ہے۔ گرداس پور ضلع میں ایک میلے میں لگے جھولے کے گرجانے کی وجہ سے ایک شخص ہلاک اور ایک زخمی ہوگیا۔*

*جالندھر سے ششو شرما شانتل کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں...............*

**IPL Cricket**

IPL کرکٹ میں ، کل رات لکھنؤ میں کھیلے گئے ایک میچ میں لکھنؤ سپر جائنٹس نے چنئی سُپر کنگس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔ جیت کیلئے مقررہ 177 رَن کے نشانے کو لکھنؤ سُپر جائنٹس نے 19 اوورس میں حاصل کرلیا۔ اُس نے دو وکٹ کے نقصان پر 180 رن بنائے۔ کے ایل راہل نے 53 گیند پر شاندار 82 رن بنائے۔

پہلے بلے بازی کرتے ہوئے چنئی سُپر کنگس نے مقررہ 20 اوورس میں 6 وکٹ پر 176 رَن بنائے تھے۔ رویندر جڈیجہ نے 40 گیند پر سب سے زیادہ 57 رن بنائے۔ کے ایل راہل کو میچ کا بہترین کھلاڑی قرار دیا گیا۔

آج دلّی میں شام ساڑھے سات بجے ڈیلی کیپٹلس اور سَن رائزر حیدر آباد آمنے سامنے ہوں گے۔ x

یہ تھیں خبریں

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......مجیب اختر

شکریہ -اسلم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 21 ریاستوں کی 102 سیٹوں پر کرائے گئے چناؤ کی خبر کو پہلی خبر بنایا ہے۔ خبروں کے مطابق 80 فیصد سے زیادہ پولنگ تریپورہ میں ہوئی جبکہ سب سے کم 48 اعشاریہ 8 فیصد پولنگ، بہار میں ہوئی مجموعی طور پر پولنگ پرامن رہی۔

بھارت نے پہلی بار برہموز میزائل برآمد کیے، اس خبر کو روزنامہ راشٹریہ سہارا نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے جس کی شروعات بھارت نے فلپینس سے کی ہے۔

روزنامہ ملاپ اور پرتاپ نے وائس ایڈمرل دنیش ترپاٹھی کو بحریہ کا نیا سربراہ مقرر کیے جانے کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ وہ 30 اپریل کو یہ عہدہ سنبھالیں گے۔

شیئرَبازار میں بہتری آنے کی خبر کو روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے اجاگر کیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق چار دنوں کی گراوٹ کے بعد یہ بہتری آئی ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور انقلاب نے ایران کے نیوکلیائی ٹھکانہ والے شہر اصفہان پر اسرائیل کے حملے کی خبر کو اولیت دی ہے۔ ایران نے نیوکلیائی ٹھکانے کے محفوظ ہونے اور ڈرون کو مار گرانے کا دعویٰ کیا ہے۔

جبکہ روزنامہ انقلاب نے اقوام متحدہ میں فلسطین کی مستقل رکنیت کی قرار داد پر امریکہ کی طرف سے ویٹو کیے جانے کی خبر پر خصوصی توجہ مرکوز کی ہے۔ x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 لوک سبھا انتخابات کے پہلے مرحلے میں 62 اعشاریہ تین سات فیصد سے بھی زیادہ لوگوں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا ۔
2 لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال آج کی جائے گی۔
3 امریکہ نے چین اور بیلاروس کی کمپنیوں پر ، پاکستان کو بیلسٹک میزائل کل پُرزے فراہم کرنے کی وجہ سے بندشیں عائد کردی ہیں۔
4 بھارت کے محکمۂ موسمیات نے اڈیشہ اور گنگائی مغربی بنگال میں پیر تک کیلئے شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔
5 اور IPL کرکٹ میں ،لکھنؤ میں ،لکھنؤ سُپر جائنٹس نے چنئی سُپر کنگس کو 8 وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------